© rasailojaraid.com

تبصرے

مجلات ورسائل

مجلہ علوم الدین مرتبہ مفتی محمد رضا انصاری فرنگی محلی تقطیع متوسط ضخامت دوسو صفحات کتابت وطباعت بہتر، قیمت درج نہیں۔ پتہ فیکلٹی آف تھیالوجی مسلم یونیورسٹی علی گڑھ۔

دوسری یونیورسٹیوں کی طرح علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کی مختلف فیکلٹیوں کی طرف سے سالانہ یا ششماہی مجلات شائع ہوتے ہیں لیکن اب تک دینیات کی فیکلٹی کا کوئی مجلہ نہیں تھا خوشی کی بات ہے کہ اب اس نے بھی مجلہ شائع کرنا شروع کر دیا ہے اور زیر تبصرہ پرچہ اس کا پہلا نمبر ہے اور اس میں شک نہیں کہ بہمہ وجوہ فیکلٹی کی شایان شان ہے اس نمبر میں لائق مرتب کا مضمون مولانا عبدالحئی فرنگی محلی اور ڈاکٹر مجتبیٰ حسن کا مونپوری کا مقالہ "شریف مرتضیٰ علم الہدیٰ" اور ناسخ ومنسوخ" از ڈاکٹر قاری محمد رضوان اللہ محققانہ مقالات ہیں جو محنت اور مطالعہ کے بعد لکھے گئے ہیں۔ ان کے علاوہ تدوین حدیث کی مختصر تاریخ" از قاضی مظہرالدین احمد صاحب بلگرامی (ڈین فیکلٹی) عقل، قلب اور وحی" مولانا محمد تقی امینی' مذاہب عالم اور ان کی روحانی تعلیم' ڈاکٹر سید ارتضا حسین قیام دارالعلوم دیوبند" از ڈاکٹر اقبال حسن خاں، یہ سب مقالات بھی دلچسپ اور لائق مطالعہ ہیں، شروع میں (جس کی انتہا آخر میں ہوئی ہے اور یہ طرز ایک علمی رسالہ کی وضع کے خلاف ہے) ابتداء کے زیر عنوان چند صفحات میں جناب مرتب کے قلم سے ان تبدیلیوں اور فیکلٹی کی سرگرمیوں کا جائزہ لیا گیا ہے جو ایک برس میں پیش آتی رہیں مولانا نظام الدین

© rasailojaraid.com